پریس ریلیز

جنرل ہسپتال میں ڈیزاسٹر مینجمنٹ پلان کے تحت تمام شعبوں کو ہائی الرٹ کر دیا : پروفیسر الفرید ظفر

ہنگامی صورتحال کے پیش نظر پروفیسر ارمغان اسرار مرزا کو ڈیزاسٹر مینجمنٹ کا ڈائریکٹر مقرر کر دیا گیا

کوئی ملازم اپنا سٹیشن نہ چھوڑے ، آپریشن تھیٹرز / طبی آلات فنکشنل رکھیں ،اکیڈمک اجلاس میں فیصلہ

بوقت ضرورت خون کی فراہمی کیلئے امیر الدین میڈیکل کالج کی بلڈ ڈونیشن سوسائٹی سے رابطہ کیا جائے

جان بچانے والی ادویات کا وافر سٹاک ،وارڈز میں اضافی بستر ،ایمولنس کو سٹینڈ بائی رکھا جائے :انتظامیہ کو ہدایت

پوری قوم افواج پاکستان کے شانہ بشانہ سیسہ پلائی دیوار کی طرح کھڑی ہے :پرنسپل پی جی ایم آئی

لاہور 7 مئی :...... ملک میں جاری ہنگامی صورتحال کے پیش نظر پرنسپل امیر الدین میڈیکل کالج / پی جی ایم آئی پروفیسر الفرید ظفر کی زیر صدارت اکیڈمک کونسل کا ایمرجنسی اجلاس لاہور جنرل ہسپتال کے کمیٹی روم میں منعقد ہوا جس میں ادارے کے تمام فیکلٹی ممبران ،ایم ایس پروفیسر ڈاکٹر فریاد حسین ،ایم ایس پنز ڈاکٹر عمر اسحاق سمیت انتظامی ڈاکٹرز بڑی تعداد میں شریک ہوئے ۔اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ کسی بھی نا گہانی صورتحال اور ڈیزاسٹر مینجمنٹ کیلئے ہسپتال کے تمام شعبوں کو ہائی الرٹ رکھا جائے ۔پرنسپل پروفیسر الفرید ظفر نے پروفیسر ارمغان اسرار مرزا کو ڈیزاسٹر مینجمنٹ کا ڈائریکٹر مقرر کرتے ہوئے ہدایت کی کہ وہ تمام شعبوں سے کوآرڈینیشن یقینی بنائیں تا کہ مشکل وقت میں ہمت اور جواں مردی کے ساتھ حالات کا مقابلہ کیا جائے ۔پروفیسر الفرید ظفر نے ڈائریکٹر ڈیزاسٹر مینجمنٹ کو مزید ہدایت کی کہ وہ امیر الدین میڈیکل کالج کی بلڈ ڈونیشن سوسائٹی سے مکمل رابطے میں رہیں تا کہ بوقت ضرورت زخمیوں کو بروقت خون کی فراہمی کو یقینی بنایا جا سکے ۔اجلاس میں پروفیسر صاحبان نے اپنے اپنے شعبوں میں کیے گئے تمام انتظامات سے متعلق تفصیلی بریفنگ دی ۔

پروفیسر الفرید ظفر کا کہنا تھا کہ جان بچانے والی ادویات اور مختلف خون کے گروپس کا سٹاک سمیت ہیلتھ پروفیشنلز کو راؤنڈ دی کلاک الرٹ رہنے اور موبائل فون آن رکھنے کی ہدایت کی ۔انہوں نے کہا کہ ان ایام میں کوئی بھی ملازم مجاز اتھارٹی کی پیشگی اجازت کے بغیر اپنا سٹیشن نہ چھوڑے ،ایمرجنسی کے علاوہ دیگر وارڈز میں اضافی بستروں کی دستیابی کو یقینی بنایا جائے ،تمام ایمبولینسز کو "سٹینڈ بائی" رکھا جائے اور جنریٹر کو اپ ڈیٹ رکھنے کے علاوہ سکیورٹی پر مامور اہلکار بھی چاق و چوبند رہیں ۔پرنسپل الفرید ظفر نے انتظامی ڈاکٹرز ،نرسنگ انتظامیہ ،تمام شعبوں کے سٹور کیپرز اور انچارج بلڈ بینک کو بھی ہدایت کی کہ وہ اپنے اپنے شعبوں میں نگرانی کو مزید سخت کریں ۔

پروفیسر الفرید ظفر نے اکیڈمک کونسل کے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ہمارا ملک محفوظ ہاتھوں میں ہے اس وقت پوری قوم کو متحد ہو کر دشمن کے ہر وار کو ناکام بنانے کے لئے سیسہ پلائی دیوار بن کر اپنی بہادر افواج کے شانہ بشانہ کھڑی ہے جو لائق تحسین ہے ۔انہوں نے اس عزم کا اظہار کی کہ پی جی ایم آئی ،اے ایم سی اور ایل جی ایچ کے تمام ہیلتھ پروفیشنلز اور میڈیکل سٹوڈنٹس اپنی پیشہ وارانہ خدمات سر انجام دینے میں پیچھے نہیں ہٹیں گے اور ضرورت پڑنے پر فرنٹ فٹ پر رہتے ہوئے 24 گھنٹے مریضوں و زخمیوں کو ہر ممکن علاج معالجے کی سہولیات بہم پہنچائی جائیں گی ۔اس موقع پر ڈائریکٹر ایمرجنسی ڈاکٹر یحییٰ سلطان ،اے ایم ایس ڈاکٹر جعفر حسین شاہ ،ڈاکٹر عبد العزیز ،ڈی سی این ایس فضیلت لعل ،ڈاکٹر انعم بتول ،ڈاکٹر جاوید و دیگر ڈاکٹرز موجود تھے ۔

☆☆☆☆